# پروسٹیکٹومی (غدودِ مثانہ کا سرجیکل خاتمہ)



Revenue from these services is spent on the treatment of poor cancer patients.

Shaukat Khanum
Memorial Cancer Hospital
and Research Centre

Information for Patients

## میں گھر جانے کے لئے کب فٹ ہوں گا؟

ٹرانس یورتھرل پروسٹیکٹومی یا آپریشن کے بعد عموماً مریض تیسرے یا چوتھے دن گھر جا سکتا ہے۔ اگر اوپن آپریشن ہوا ہوگا تو اس میں زخم موجود ہوگا اور ایک ہفتہ لگ سکتا ہے۔

## میں گھر کیسے جاؤں گا؟

اگر آپکے پاس اپنی ٹرانسپورٹ موجود ہے تو آپ اپنے عزیز و اقارب کو کال کر کے نرسنگ سٹاف کے بتائے گئے اوقات میں آ کر لے جانے کو کہہ سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس یہ سہولت موجود نہیں تو آپ ایمبولینس کے ذریعے بھی گھر جا سکتے ہیں۔ البتہ اس کا آپ کو نرسنگ سٹاف کو ایڈوانس میں بتانا ہوگا تا کہ اس کا بروقت انتظام کیا جا سکے۔

## گھر پہنچ کر مجھے کیسا محسوس ہوگا؟

پرانے والی صحت اور طاقت محسوس ہونے میں اور اس دورانیہ میں اپنے اوپر زیادہ بوجھ جس کی وجہ سے آپ زیادہ تھک جائیں نہیں ڈالنا چاہئے۔ اگر آپ نوکری کر رہے ہیں تو آپکو مزید 3-2 ہفتے کام سے چھٹی کیلئے چاہئے ہوں گے۔ یہ بات اس پر بھی منحصر ہے کہ آپکے کام کی نوعیت کیا ہے اور وہ کتنی طاقت درکار کرتا ہے۔ اگر آپ ریٹائرڈ ہیں تو باترتیب ہر دن تھوڑا زیادہ کام کریں مگر بہت زیادہ نہیں۔

## گھر جانے کے بعد کوئی پیچیدگی جس کا مجھے خیال رکھنا چاہئے؟

اصولی طور پر دو پیچیدگیاں ہیں جن کا آپ کو گھر جانے کے بعد 3-2 ہفتے خیال رکھنا پڑتا ہے۔

☆ پیشاب میں خون آنا:

صبح اٹھ کر جب آپ اپنا پہلا پیشاب کرتے ہیں تو ممکن ہے کہ ہلکا خون کا رنگ اس میں ہو۔ یہ رنگ ختم ہو جانا چاہئے جب آپ پورے دن میں پانی یا مشروب پینا شروع کر دیں گے۔ البتہ اگر آپ کے پیشاب میں بہت زیادہ خون کا رنگ ہو یا بہت بھاری رنگ ہو تو آپ جلدی سے 2 پِنٹ (آدھا لیٹر) مشروب یا پانی پئیں اور اپنے (جنرل فزیشن) ڈاکٹر سے رجوع کریں جو آپ کو ممکنہ طور پر اینٹی بائیوٹک دے گا۔

☆ پیشاب کرنے میں دشواری ہونا:

اگر پیشاب کرتے وقت ہلکی سی چبھن یا جلن ہو تو اس کا مطلب ہے کہ تھوڑا انفیکشن ہے۔ آپ اپنے (جنرل فزیشن) ڈاکٹر سے رجوع کر سکتے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ یہ کتابچہ آپکو اکثر جوابات دے سکتی ہو اُن چیزوں کے بارے میں جو آپکو پریشان کرتی ہوں یا سمجھ نہ آئی ہوں۔ اگر اس کے علاوہ آپ کو کوئی معلومات درکار ہے اس پروسیجر کے بارے میں آپ نرسنگ سٹاف یا ڈاکٹرز سے رجوع کر سکتے ہیں۔

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre
7A Block R-3, Johar Town, Lahore, Pakistan.
Tel:042 359 5000 | UAN: 111 155 555
www.shaukatkhanum.org.pk

## غدودِمثانہ (پروسٹیٹ) کیا ہے اور یہ کیا کرتا ہے؟

غدودمثانہ ایک عضو ہے جو پیشاب کی نالی کے گرد ہوتا ہے اسکا بڑھتا ہوا غدود اس نالی کے سوراخ کو تنگ کرسکتا ہے اور مردوں کو پیشاب کرنے میں دشواری محسوس ہوتی ہے۔

## آپکو غدودِمثانہ کے سرجیکل خاتمہ (پروسٹیکٹومی) کی ضرورت کیوں ہے؟

اس غدود کی وجہ سے مردوں کو پیشاب کی نالی میں ہلکی سی تنگی محسوس ہو، لیکن یہ اتنی نہیں ہو، کہ درد کرے یا پیشاب کرنے میں زیادہ مشکل ہو۔ دس میں سے ایک مرد کو پروسٹیکٹومی کی ضرورت پڑتی ہے۔

## یہ کس طرح کا آپریشن ہوگا؟

### آپریشن 1:

اس آپریشن کو "ٹرانس یوریتھرل پروسٹیکٹومی"(TURP)(پیشاب کی نالی کے راستے سے غدودِمثانہ کا بغیر زخم کے سرجیکل خاتمہ) کہتے ہیں۔ 80-90% غدود اس طریقے سے نکالے جاتے ہیں۔ اس آپریشن میں سرجن سارا بڑھا ہوا غدود کا حصہ کاٹ دیں گے مگر باہر کی جلد (جھلی) کو رہنے دیں گے۔ یہ کام (آپریشن) ڈاکٹر کیمرے کے ساتھ جراحی والے آلے، جسے ریسیکٹوسکوپ(Resectoscope) کہتے ہیں سے کرتے ہیں۔

### آپریشن 2:

اس قسم کا آپریشن عموماً ان مریضوں پر کیا جاتا ہے جہاں غدود کافی بڑھا ہوا ہو۔ یہ "اوپن پروسٹیکٹومی" کہلاتا ہے۔ اور 10-15% کیسز میں ہوتا ہے۔ اس آپریشن میں ٹانکے لگتے ہیں، جو کہ 7-5 دن بعد ہٹائے جاتے ہیں۔

## کیا آپ کو درد ہوگا؟

نہیں۔

☆ آپریشن سے پہلے آپ کو سُن کرنے والی دوا لگائی جائے گی۔

☆ ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصے میں سُن کرنے والا انجیکشن دیا جاتا ہے جو کہ آپ کے جسم کے نچلے (کمر سے نیچے) حصے کو سُن کردیتا ہے یہ احساس 6-4 گھنٹے تک رہتا ہے اور اسکے بعد اسکا اثر ختم ہوجاتا ہے۔

## آپریشن کتنا لمبا ہوتا ہے؟

آپریشن تھیٹر میں آنے کے بعد سے واپس جانے تک 45 منٹ لگتے ہیں۔

## آپریشن کے بعد کیسا محسوس ہوگا؟

جہاں سے آپکا غدود کاٹ کر نکالا جاتا ہے وہاں کی سطح پر خون اور خون کے لوتھڑے بن سکتے ہیں۔ یہ خون کے لوتھڑے پیشاب کی نالی کو بند کرسکتے ہیں اور اس لئے عضوء تناسل میں ایک پلاسٹک ٹیوب (کاتھیٹر) کی مدد سے ہٹائے جاتے ہیں۔ ہر تھوڑی دیر بعد اس ٹیوب کو نمک والے پانی سے صاف کیا جاتا ہے تاکہ خون کے لوتھڑے نہ بنیں۔ اس ٹیوب کی وجہ سے عضوء تناسل میں ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے کہ آپ پیشاب کرنا چاہتے ہوں۔ اس احساس کو روکنے کی اور آرام کرنے کی کوشش کریں۔

## مثانے میں پلاسٹک کی ٹیوب (کاتھیٹر ٹیوب) کب نکالی جائے گی؟

جیسے ہی پیشاب میں خون آنا بند ہوجائے گا تو یہ ٹیوب نکال دی جائے گی۔ یہ اکثر آپریشن کے 48-72 گھنٹے بعد ہوجاتا ہے۔ آپ کو 4-2 لیٹر پانی ہر دن زیادہ پینا پڑے گا اور صرف اسی طرح سے آپکے پیشاب سے خون صاف ہوگا۔

## میں اتنا پانی یا مشروب کیسے پیوں گا؟

یہ ضروری نہیں کہ آپ ایک ساتھ اتنا سارا پانی پیئیں۔ اس طرح آپ کو پھولا ہوا اور الٹی آنے کا احساس ہوگا۔ اس کے برعکس آپ سارے دن میں تھوڑا تھوڑا پانی یا مشروب مسلسل پیتے رہیں۔

## کس قسم کا مشروب پی سکتے ہیں؟

پانی سب سے بہترین ہے۔ پھلوں کا رس بھی استعمال کیا جاسکتا ہے مگر اگر آپ کو ذیابیطس کا مرض ہے تو یہ خیال رکھیں کہ اس میں چینی نہ ہو۔ کاربونیٹڈ مشروبات بھی استعمال کئے جاسکتے ہیں مگر ان کی زیادتی اکثر پیٹ میں زیادہ ہوا بننے کا باعث ہوتی ہیں جس کی وجہ سے آپ کو "پھولا ہوا" محسوس ہوسکتا ہے۔

## کیا کاتھیٹر ٹیوب (مثانے میں ٹیوب) نکالتے وقت درد محسوس ہوتا ہے؟

نہیں، یہ ٹیوب آپ کے مثانے میں ایک چھوٹے، پھولے ہوئے غبارے کے ساتھ لگی ہوتی ہے۔ اس غبارے کی ہوا نرس سرنج کے ذریعے نکال دیتی ہے اور یہ کاتھیٹر ٹیوب آپکے عضوء تناسل کے ذریعے آسانی سے باہر نکال دی جاتی ہے۔

## کاتھیٹر ٹیوب (مثانے میں ٹیوب) نکالنے کے بعد پیشاب کرتے ہوئے کیا محسوس ہوتا ہے؟

کیونکہ غدودِمثانہ (پروسٹیٹ کے غدود) پر جلد اب بھی تھوڑی حساس ہوگی تو پہلی کچھ بار جب آپ پیشاب کریں گے تو آپ کو ہلکا سا چبھن کا احساس ہوسکتا ہے۔ لیکن اسکے بعد یہ کم ہوجائے گا۔ شاید آپ کو پیشاب میں ہلکا سا خون نظر آئے خاص طور پر اگر آپ رات بھر سوئے ہوں اور پانی یا کسی قسم کا مشروب نہ پی سکے ہوں۔ کیونکہ آپ کے مثانے کے پٹھوں کو پہلے رکاوٹ کی وجہ سے زیادہ زور لگا کر پیشاب نکالنا پڑتا تھا اس لئے پہلی کچھ بار میں آپکو زیادہ زور سے پیشاب آنے کا احساس ہوتا ہے اور آپ کو یہ بھی محسوس ہوتا ہے کہ آپ بیت الخلاء وقت پر نہیں پہنچ سکتے۔ مگر خوش قسمتی سے کافی جلد ہی مثانے کو یہ عادت ہوجاتی ہے کہ اب زیادہ زور لگانے کی ضرورت نہیں اور یہ احساس کہ آپ نے جلد سے جلد بیت الخلاء جانا ہے ختم ہوجاتا ہے۔

## کیا میں اپنا پیشاب قابو کرسکتا ہوں؟

جی ہاں! پروسٹیکٹومی کے آپریشن کے بعد مریض کو سب سے بڑی پریشانی یہ ہوتی ہے کہ وہ اپنے پیشاب پر قابو کرسکے گا یا نہیں۔ یہ صرف آپریشن کے بعد کچھ دنوں تک ہوتا ہے۔ جب مثانے کے پٹھے تھوڑا زیادہ زور لگانے کے عادی ہوتے ہیں۔ کیونکہ ان کو پہلے کافی عرصہ بڑھے ہوئے غدود کے پاس سے پیشاب کو نکالنا ہوتا تھا۔

## پیشاب سے ناپاک یا گیلے ہونے کے ڈر کو میں کیسے روک سکتا ہوں؟

کیونکہ مثانے کو پہلے ضرورت سے زیادہ زور لگانے کی عادت ہوتی ہے اس لئے اس کو ریلیکس ہونے میں کچھ دن لگتے ہیں۔ اس دورانیے میں حادثاتی طور پر پیشاب سے گیلے ہونے سے یا اس کے ڈر پر قابو رکھنے کے لئے آپ اپنے پیرینیل (عجان سیون) کے پٹھوں کو مضبوط کرسکتے ہیں۔ کاتھیٹر ٹیوب نکالنے سے پہلے نرسنگ یا میڈیکل سٹاف آپکو ان کو مضبوط کرنے کی ورزش سکھائیں گے۔

## کیا مجھے ہسپتال میں سارا وقت پانی پیتے رہنا چاہئے؟

جب کاتھیٹر (مثانے میں لگی ہوئی ٹیوب) ہٹا دی جائے گی تو آپکو اگلے دن جاگتے ہی صبح سے پانی پینا ہوگا۔ رات کے کھانے کے بعد مشروبات نہ پیئیں کیونکہ یہ آپ کے جسم میں رہے گا اور آپکو رات کو اکثر بیت الخلاء جانے کے لئے اُٹھنا پڑے گا جس کی وجہ سے آپکی رات کی نیند اور آرام متاثر ہوگا۔

## کاتھیٹر (مثانے میں ٹیوب) نکالنے کے بعد کتنا پیشاب آئے گا؟

یہ آپکے پانی یا مشروب پینے کی مقدار پر منحصر ہے۔ مگر یہ 4-2 لیٹر کے درمیان ہوسکتا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ آپ جتنا بھی پیشاب کریں اسے نرسنگ سٹاف کو دکھانے اور مقدار کا تعین کرنے کے لئے رکھیں۔